سیرت سیدنا ابوہریرۃ رضؓ

مؤلف: حافظ محمد اقبال رنگونی
صفحات: ۱۴۴ قیمت -/۱۲ روپے
ناشر: دار المعارف الفضل مارکیٹ
اُردو بازار لاہور

سیدنا حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ، تاریخ اسلام کی وہ عظیم شخصیت ہیں جنہوں نے جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست اقدس پر بیعت کرنے کے بعد رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات و فرمودات کو ہی اپنا وظیفۂ حیات بنالیا اور پھر اس ذوق اور محنت کے ساتھ فرمودات نبویؐ کو اپنے سینے میں محفوظ کیا کہ چند سال میں حدیث رسولؐ کے سب سے بڑے راوی کی حیثیت حاصل کرلی۔

حضرت ابوہریرہؓ کی زندگی طلب علم اور اشاعت دین سے عبارت ہے اور ان کے مجاہدات میدان عمل کے راہروؤں کے لیے بلاشبہ سنگ میل کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اسلامک اکیڈمی مانچسٹر برطانیہ کے ڈپٹی ڈائریکٹر مولانا حافظ محمد اقبال رنگونی نے انہی نشان ہائے راہ کو اس کتابچہ میں یکجا کیا ہے اور حضرت علامہ ڈاکٹر خالد محمود صاحب کے وقیع مقدمہ نے کتابچہ کی اہمیت و افادیت کو دوچند کر دیا ہے۔

مسلمان کسے کہتے ہیں

مؤلف: مولانا حافظ مہر محمد
صفحات: ۱۰۰ قیمت -/۱۰ روپے
ناشر: جامعۃ العلوم الاسلامیہ
الیف۔ ڈی میرپور آزاد کشمیر

آج کے دور میں اس امر کی سب سے زیادہ ضرورت ہے کہ اسلام کے عقائد و اعمال اور اخلاق احکام و مسائل کو عام فہم انداز میں مختصر طور پر تحریر کیا جائے تاکہ عام پڑھے لکھے لوگ اسلامی احکام و مسائل سے بآسانی واقفیت حاصل کرسکیں۔ مولانا حافظ مہر محمد نے اس ضرورت کے پیش نظر یہ رسالہ مرتب کیا ہے جو اپنے مقاصد کے لیے خاصا مفید ہے اور دینی معلومات کو عام لوگوں تک صحیح طور پر پہنچانے کے لیے اس کی زیادہ سے زیادہ اشاعت کی ضرورت ہے۔

ماہنامہ المذاہب لاہور

مدیر: جناب محمد اسلم رانا
زر تعاون: سالانہ چالیس روپے
خط و کتابت کا پتہ: ایڈیٹر ماہنامہ المذاہب، ملک پارک، شاہدرہ، لاہور ۵۴۹۵۰

جناب محمد اسلم رانا کو اللہ تعالیٰ نے عیسائیت کے مطالعہ اور تحقیق و تجزیہ کے خصوصی ذوق سے نوازا ہے اور وہ ایک عرصہ سے مختلف جرائد و رسائل کے ذریعے اپنے اس ذوق کا اظہار کرتے آرہے ہیں اور ان دنوں ماہنامہ "المذاہب" کے نام سے ایک مستقل ماہنامہ کی اشاعت کی ذمہ داری نباہ رہے ہیں۔ عیسائی مشنریاں مختلف عنوانات کے ساتھ اور متنوع پروگراموں کے ذریعہ پاکستان کے سادہ لوح عوام کو اپنے جال میں پھنسانے کی جو مسلسل کوشش کر رہی ہیں ان سے عوامی اور دینی حلقوں کی بے خبری بلکہ بے حسی ایک مستقل المیہ ہے جو جناب محمد اسلم رانا کو بے چین کیے ہوئے ہے اور انہوں نے بے سروسامانی کے باوجود اس سلسلہ میں علماء اور عوام کو بیدار کرنے کا مشن سنبھال رکھا ہے۔ (باقی صفحہ ۵۹ پر)